12208 ـ نماز تراویح ڈیوٹی کے دوران آتی ہوں تو کیا کرنا چاہیے؟

سوال

میری ڈیوٹی کا وقت نماز تراویح ختم ہونے سے قبل شروع ہو جاتا ہے جس کی بنا پر مجھے ڈیوٹی پر جانا پڑتا ہے، لہذا مجھے کیا کرنا چاہیے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

آپ جتنی تراویح باجماعت ادا کر سکتے ہیں وہ امام کے ساتھ ادا کریں اور دو یا چار یا چھ رکعت کے بعد جانے میں کوئی حرج نہیں، باقی تراویح آپ گھر میں مکمل کر لیں، اور آخر میں وتر ادا کرلیں.

اور اگر کسی مسجد میں نماز تروایح جلد ادا کی جاتی ہوں اور آپ امام کے ساتھ نماز تروایح مکمل کر کے ڈیوٹی پر جا سکتے ہوں تو یہ بہتر ہے کیونکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے:

" جس نے امام کے جانے تك امام کے ساتھ قیام کیا اس کے لیے پوری رات کے قیام کا اجروثواب لکھا جاتا ہے"

سنن ترمذی حدیث نمبر (806) علامہ البانی رحمہ اللہ تعالی نے صحیح ترمذی میں اسے صحیح قرار دیا ہے.

واللہ اعلم .